BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

# سٹی آف برامپٹن کے بیک یار ڈ گارڈن پروگرام کا آغاز 6 فروری سے ہو رہا ہے

برامپٹن، آن (27 جنوری 2023) – سٹی آف برامپٹن کے بیک یارڈ گارڈن پروگرام کی بے تحاشہ عوامی مقبولیت کی وجہ سے یہ پروگرام اپنے چوتھے سال کے لیے دوبارہ شروع ہونے والا ہے اور اس کی رجسٹریشن کا آغاز مورخہ 6 فروری سے ہو رہا ہے۔

یہ پروگرام رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ اپنے گھروں کے پُرسکون ماحول میں رہتے ہوئے زرعی اجناس اور مفید جڑی بوٹیاں اگائیں اور اپنی اضافی پیداوار کو مقامی فوڈ بینکوں اور کمیونٹی تنظیموں کو عطیہ کریں۔ شرکاء میں سے ہر ایک کو مٹی کے پانچ تھیلے اور اپنے گارڈن کے نمونے لینے والی سیڈ کٹ (جس میں تین مختلف قسم کے بیج شامل ہیں) ملے گی۔

اس پروگرام کی زبردست مقبولیت اور کامیابی کی وجہ سے، اس مرتبہ یہ پروگرام صرف نئے شرکاء کے لیے ہی دستیاب ہو گا۔

**2022 پروگرام تعداد کے لحاظ سے**

- 2,921 شرکاء
- مٹی کے 14,635 تھیلے اور بیج کے 5,836 پیکٹ عطیہ کیے گئے

پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کے ساتھ ساتھ باغبانی کے ٹیوٹوریلز اور مفید مشوروں کے لیے www.brampton.ca/backyardgarden ملاحظہ کریں۔

**مزید جانیں اور ہمارے بیک یارڈ گارڈن کلب میں شامل ہوں**

اگر آپ پہلے ہی بیک یارڈ گارڈن پروگرام میں حصہ لے چکے ہیں لیکن پھر بھی اس میں شامل رہنا چاہتے ہیں تو - سٹی کے ماہانہ بیک یارڈ گارڈن کلب میں شامل ہو جائیں! باغبانی کے تمام شائقین کے لیے دستیاب یہ کلب باغبانی کی معلومات کے علاوہ ماہانہ بنیادوں پر ایک ای نیوز لیٹر بھی فراہم کرتا ہے، جو ہمارے رہائشیوں کو باغبانی کے بارے میں سوالات پوچھنے، ماہرین اور کمیونٹی پارٹنرز مثلاً برامپٹن ہارٹیکلچرل سوسائٹی اور چنگواکوسی گارڈن کلب سے باغبانی کے بارے میں مفید مشورے اور تعاون حاصل کرنے کا موقع بھی فراہم کرتا ہے، جس سے آپ خصوصی آفرز اور مزید بہت کچھ حاصل کر سکتے ہیں! اس پروگرام میں رجسٹر کرنے کے لیے www.brampton.ca/backyardgarden پر جائیں۔

سٹی اپنے 2023 پروگرام کے اسپانسرز سکاٹس کینیڈا لمیٹڈ، میٹامی ہومز، فیلڈ گیٹ ڈیولپمنٹس اور پیراڈائز ڈیولپمنٹس کا شکریہ ادا کرتا ہے۔

**اقتباسات**

"ہم بیک یارڈ گارڈن پروگرام کا دوبارہ خیرمقدم کرنے اور پچھلے سال کے دوران حاصل ہونے والی 7,000 پونڈ کی پیداوار کی کامیابی پر فخر محسوس کرتے ہیں۔ یہ پروگرام مقامی طور پر ضرورت مندوں کی مدد کرتا رہتا ہے اور یہ ہماری اس اجتماعی کامیابی کو بھی ظاہر کرتا ہے، جو ہم ایک کمیونٹی کے طور پر اکٹھے ہو کر حاصل کرتے ہیں۔ میں 2023 کی تمام پیداوار کو دیکھنے کا منتظر ہوں!"

*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"گزشتہ سال 2,921 شرکاء کے ساتھ، اس ماحول دوست اقدام میں ہمارے رہائشیوں کی شرکت کو دیکھنا متاثر کن تھا جس سے ہماری کمیونٹی میں بہت سے لوگوں کو فائدہ ہوتا ہے۔ سٹی اپنے اسپانسرز کا بھی شکر گزار ہے جو ہماری مقامی کمیونٹی کی مدد کرنے میں کاروباروں کے کردار کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہیں اور اس کے علاوہ ہم ہر اس شخص کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں جنہوں نے ہمارے رہائشیوں کے لیے غذائی تحفظ میں معاونت کے اس اقدام میں کسی بھی قسم کا تعاون کیا ہے۔"

*- رووینا سینٹوس، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ چیئر، کمیونٹی سروسز، سٹی آف برامپٹن*

**-30-**

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca